© rasailojaraid.com



## معجم اعلام القرآن :

جامعہ حلب کے استاذ ڈاکٹر محمد التونجی نے اعلام قرآن کی ایک ڈکشنری مرتب کی ہے جو اشخاص، مقامات، قبائل، اقوام اور وقائع کے ۲۷۰۰ عنوانات پر مشتمل ہے۔ یہ ڈکشنری جوالعبائر ترتیب پر بڑے سائز کے تقریباً ۵۵۰ صفحات میں آئے گی اشاعت کے لیے کویت کی "الشرکۃ المتحدۃ للتوزیع" کے حوالہ کی گئی ہے۔ (اخبار التراث العربی ۴ : ۳۹)

## قرآن کی تمدنی اصطلاحات کی ڈکشنری :

مؤتمر اسلامی کے چیرمین شیخ جابر الاحمد الصباح امیر کویت کی فرمائش پر کویت میں منتخب علماء اور محققین کی ایک جماعت قرآن مجید کی تمدنی اصطلاحات کی ایک ڈکشنری تیار کر رہی ہے شیخ جابر چاہتے ہیں کہ اپنی مدت صدارت ختم ہونے کے موقع پر اس کتاب (معجم المصطلحات الحضارية في القرآن الكريم) کو عالم اسلام کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کریں۔

(اخبار التراث العربی ۴ : ۳۹)

## قرآنی مخطوطات کی فہرست سازی :

شاہی اکیڈمی برائے تحقیقات تمدن اسلامی (المجمع الملکی لبحوث الحضارۃ الاسلامیہ) اردن میں اسلامی تمدن کے بارے میں کئی عظیم الشان اور طویل المیعاد منصوبے زیر تکمیل ہیں۔ ایک منصوبہ یہ بھی ہے کہ عربی اسلامی لٹریچر جو مخطوطات کی صورت میں دنیا کے کتب خانوں میں محفوظ ہے اس کی ایک جامع فہرست تیار کی جائے۔ اب تک اس سلسلہ کی ۲۷ جلدیں شائع ہو چکی ہیں جن میں قرآنیات سے متعلق درج ذیل فہرستیں شامل ہیں:

۱۔ قلمی مصاحف کی فہرست (پانچ حصے)

۲۔ تجوید کے مخطوطات کی فہرست (تین حصے)

۳۔ رسم المصحف کے مخطوطات (ایک جلد) (تینوں فہرستیں ۱۹۸۶ء میں شائع ہوئی ہیں)

© rasailojaraid.com